Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے پٹرولیم مصنوعات میں ناقابلِ برداشت اضافہ مسترد کردیا

مینڈیٹ چور سرکار سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لینے کا مطالبہ

نااہل، نالائق اور بے رحم مینڈیٹ چور حکومت تاریخ کی سب سے بڑی عوام دشمن سرکار بن کر سامنے آئی ہے،

عوام کے ووٹ سے محروم حکومت ہر وہ قدم اٹھا رہی ہے جس سے عوام کی زندگیاں مشکل سے مشکل ترین ہوتی جارہی ہیں، مہنگے ایندھن اور مہنگی ترین بجلی نے عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے اور معیشت کا بھرکس نکال دیا ہے،

ٹیکس کے نظام کو بہتر کرنے اور عوام کی آمدن اور قوّتِ خرید بڑھانے کی بجائے تیل اور بجلی کو ریاستی بھتّہ خوری کا کلیدی وسیلہ بنادیا گیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف کو سازش سے حکومت سے نکالا گیا تو پٹرول 150 روپے فی لیٹر میں دستیاب تھا، ترجمان تحریک انصاف

عوام کے ووٹ سے عمران خان وزیر اعظم تھے تو بجلی کا ایک یونٹ 17 روپے میں عوام کو مل رہا تھا،

آج عوام کو پٹرول 275 جبکہ ڈیزل 284 روپے کے نہایت مہنگے داموں بیچا جارہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

بجلی کی فی یونٹ قیمت کو 17 روپے سے کئی گنا مہنگا کرکے 84 روپے تک پہنچادیا گیا ہے، ترجمان تحریک انصاف

مینڈیٹ چوروں اور کٹھ پتلیوں کے ہاتھوں مہنگائی 11 فیصد سے 45 فیصد تک پہنچی جبکہ معاشی شرحِ نمو 6 فیصد سے گرتے گرتے صفر سے بھی نیچے گری، ترجمان تحریک انصاف

عوام کو لوٹنے، انہیں ووٹ کے حق سے محروم کرنے، لاقانونیت سے ان کے بنیادی حقوق غصب کرنے اور ان کی نمائندہ ملک کی سب سے بڑی جماعت کے خلاف سازشیں کرنے کے علاوہ مجرموں کے پاس مہنگائی کم کرنے اور معیشت کو پیروں پر کھڑا کرنے کی کوئی ترکیب موجود نہیں، ترجمان تحریک انصاف

عوام ایک بڑی تحریک کی تیاری کررہے ہیں، اب سڑکوں پر نکلے تو چوروں، ڈاکوؤں اور مجرموں کے محاسبے کے بغیر واپس نہیں لوٹیں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ